حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

اپنی نیت کو صحیح رہنے دو

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔

والصلاۃ والسلام علی رسولنا محمدٍ سیدُ الاولین والاخرین۔

مددیارسول اللہ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مددیامشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔

طریقتنا صحبہ والخیرفی الجمیہ۔

اپنی نیتوں کو ہمیشہ پاک' صاف' سچّا اور صرف اللہ(ج ج) کے لئے رکھیں۔ اللہ(ج ج) ہر چیز کے مالک' ہر چیز کے صاحِب ہیں۔ اس پاک مذہب کو اپنے فائدہ کے لئے استعمال مت کرو۔ اگر آپ اپنے فائدہ کے لئے استعمال کروگے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا ایمان غیر موجود ہے۔ اگر کسی کو ایک خیال آیا کہ وہ شخص اللہ کی خوشنودی نہیں بلکہ لوگوں کی خوشنودی چاہتا ہے اور وہ اُس کو مادّی فائدہ میں بدل دیتا ہے تب وہ خیال اُس شخص کے اندر بربادی مچادے گا۔

ہر چیز ہی ایسی ہے۔ ہمارے مقدس رسولﷺ کہتے ہیں' ''ہمیشہ سچ بولنے سے ایک شخص' اللہ کی بارگاہ میں صدیق اور سچّا لکھا جاتا ہے۔ اورہمیشہ جھوٹ بولنے سے ایک شخص' جھوٹا لکھا جاتا ہے''۔ لوگ جس طرح شروع کرتے ہیں اُسی طرح سے پھر اُن کا خاتمہ ہوتا ہے۔ لوگ جس کے عادی ہو جاتے ہیں اُسی طرح سے چلتے رہتے ہیں' وہ پھر بعد میں بدلتے نہیں ہیں۔

ہماری طریقت اللہ کے لئے ہے۔ہم اللہ کو چاہتے ہیں' اور ہم اللہ(ج ج) تک پہنچنے کے لئے کام کرتے ہیں۔ چلیں ہم اسکو خراب نہیں ہونے دیتے ہیں۔ اگر یہ نیت اللہ(ج ج) کے لئے ہے اور یہ پاک ہے تو اللہ(ج ج) آپ کو نہیں چھوڑیں گے۔ اللہ(ج ج) آپ کو راستہ میں نہیں چھوڑیں گے اور آپ کا ہر ایک اچھا مقصد پورا ہوگا۔

اگر نہیں' اگر آپ ہوشیاری اور چالاکی سے اُوپر اُٹھنا چاہتے ہو تو آپ دنیا اور آخرت دونوں جگہ بے عزت ہوں گے۔ ہمارے پاس بڑی مثالیں اور بڑے واقعات ہمارے سامنے ہیں جو ہزاروں میں ہیں۔ وہ لوگ اللہ(ج ج) کا راستہ لئے' اور آخر میں وہ اپنی پوری طاقت سے لوگوں کو اور مسلمانوں کوزیادہ سے زیادہ نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ۔

حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

اللہ(ج ج) ہم سب کو محفوظ رکھیں۔ چلیں ہم اس سے سبق لیتے ہیں تاکہ ہماری نیتیں پاک رہیں۔ تصوّف کے معنی پاکی ہے' اسکا مطلب صاف۔ چلیں ہم اسکو میلا نہ کریں' انشاء اللہ۔ اللہ(ج ج) ہماری حفاظت کریں۔

ومن اللہ التوفیق۔

الفاتحہ۔

حضرت شیخ محمّد محمت عادل

١٦ جنوری ٢٠١٦/ ٦ ربیع الآخر ١٤٣٧

اکبابا درگاہ'صبح نماز